پریس ریلیز

Nestlé
Good Food, Good Life

نیسلے پاکستان کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پانی کا عطیہ اور جانوروں کی دیکھ بھال

لاہور(19 ستمبر 2014ء)غذائیت،صحت اور فلاح (NHW) کے شعبے میں مُلک کے صفِ اوّل کے ادارے نیسلے پاکستان نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے لوگوں کی امداد کے طور پر 125,000 لیٹر پینے کے پانی کا عطیہ دیا ہے۔

یہ عطیہ حکومتِ پنجاب سے مشورے کے بعد مندرجہ ذیل مقامات پر دیا: بھوانہ، پنڈی بھٹیاں، چنیوٹ، جھنگ، ملتان اور مظفر گڑھ کے علاقہ جات۔

مُلک میں ڈیری کسانوں کے سب سے بڑے نیٹ ورک کے حامل اس ادارے نے مذکورہ آفت کے مویشیوں پر پڑنے والے اثرات کو مدِنظر رکھتے ہوئے متاثرہ علاقوں میں ویٹر نیزی ڈاکٹروں کی ماہر ٹیمیں بھی تعینات کیں جو لوگوں کو مسلسل معاونت فراہم کررہی ہیں۔ تاحال تقریباً 3,000 جانوروں کی ویکسینیشن کی جا چکی ہے اور 1,000 جانوروں کا مختلف بیماریوں کا علاج کیا گیا۔ 12,000 جانوروں کے لیے دواؤں کا انتظام کیا جا چکا ہے اور مزید 50,000 جانوروں کی ویکسینیشن کا عمل جاری ہے۔ علاوہ ازیں،نیسلے پاکستان کی جانب سے 500 ٹن چارے کی گانٹھوں کی تقسیم جاری ہے جبکہ مِلے جُلے خشک چارے (ونڈا) کی تقریباً 2,000 تھیلیاں مختلف مقامات میں تقسیم کی جا چکی ہیں۔

پنجاب کے وزیرِ اعلیٰ کے نام لکھے گئے ایک خط میں نیسلے پاکستان کے مینیجنگ ڈائریکٹر مگدی بٹاٹو نے کہا کہ سیلاب کے نتیجے میں جانوں،اثاثوں اور کھڑی فصلوں کو ہونے والے نقصان پر ادارے کو افسوس ہے۔ قومی ضرورت کے اس موقع پر نیسلے کے تعاون کے اقدام پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مگدی بٹاٹو نے مزید کہا: ''دیہی علاقوں کی فلاح ہمارے لیے مرکزی اہمیت کی حامل ہے۔ پاکستان میں قدرتی آفات کے موقع پر انسانی ہمدردی پر مبنی معاونت فراہم کرنے میں نیسلے پاکستان کی ایک طویل تاریخ ہے۔ ہم مذکورہ تباہ کُن حالات میں لوگوں کو درپیش مسائل سے خوب واقف ہیں،اور ہمیں اُمید ہے کہ ہمارے عطیات متاثرین کی تکلیف میں کمی کا باعث بنیں گے اور اس آفت کے خلاف ریلیف کی کوشش میں مفید کردار ادا کریں گے۔''

نیسلے پاکستان کے بارے میں

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔ نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم ،غذائیت ، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں،نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 سے زائد کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میر خان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر،نیسلے پاکستان
موبائل 042-35988119
ای میل aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com